فوری ریلیز کے لیے: 10/10/2024 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے ریاست نیویارک میں سمندری طوفان سے ہونے والے نقصان کی وجہ سے انٹراوینس فلوئڈ کی ممکنہ کمی کا تدارک کرنے والے اقدامات کے بارے میں تازہ ترین صورتحال سے آگاہی دے دی

ریاست کے محکمہ صحت (Department of Health) نے ہسپتالوں, طویل المیعاد نگہداشت کے فراہم کنندگان اور ایجنسیوں اور ہنگامی طبی خدمات کے لئے رہنمائی جاری کر دی ہے

اہلکار فراہم کنندگان کی جانب سے انتہائی اہم IV سیال کی ضروریات پوری کرنے والی سپلائی کی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

گورنر Kathy Hochul نے آج نیو یارک ریاست میں سمندری طوفان ہیلین کے اثرات کے بعد انٹراوینس سیال کی سپلائی میں ممکنہ رکاوٹوں کے تدارک کے لئے ریاست کی جانب سے کیے جانے والے اقدمات کے بارے میں ایک اپ ڈیٹ جاری کیا۔ اگرچہ اس وقت نیو یارک ریاست میں IV سیال کی کمی کی سرکاری طور پر کوئی اطلاع نہیں ملی ہے، لیکن ریاست اس وقت یا مستقبل میں سامنے آنے والی کسی بھی کمی یا رکاوٹ کے اثرات کا اندازہ لگانے کے لیے وفاقی حکام اور مقامی صحت کے اہلکاروں کے ساتھ فعال طور پر ہم آہنگ ہو کر کام کر رہی ہے۔ جیسے جیسے اس صورتحال میں کوئی تبدیلی یا اضافہ ہوتا جائے گا، تو ہماری ریاست IV سیالوں کی وہ اضافی سپلائی حاصل کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہے جو وفاقی حکومت مقامی ضروریات پوری کرنے کے لئے خرید سکتی ہے۔ مزید برآں، ہماری ریاست سمندری طوفان ملٹن کے اثرات کے نتیجے میں سامنے آنے والے کسی بھی اضافی مسئلے کے بعد والی صورت حال کی بہت عمیق پیمانے پر نگرانی جاری رکھے گی۔

"نیو یارک میں رہنے والوں کی حفاظت اور فلاح و بہبود میری اولین ترجیح ہے - اور میں اپنی ریاست میں IV سیالوں کی سپلائی پر گہری نظر رکھے ہوئے ہوں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہماری انتظامیہ وفاقی حکومت، مقامی کاؤنٹیوں اور ریاست بھر میں صحت کی دیکھ بھال کرنے والی سہولیات کے ساتھ مل کر کام کرے گی تاکہ طبی سپلائی کی ہماری ضروریات کو برقرار رکھنا یقینی بنایا جا سکے۔"

ریاستی کمشنر برائے صحت Dr. James McDonald نے کہا، "ریاست کا محکمہ صحت (Health Department) یہ امر یقینی بنانے کے لیے دن و رات کوشاں ہے کہ IV سیالوں کی اس ممکنہ ملک گیر قلت کے درمیان بھی ہماری سہولیات اہم ترین اور زندگی بچانے والی نگہداشت فراہم کرنے کے قابل رہیں۔ یہ رہنمائی جاری کرکے ہم یہ امر یقینی بنا رہے ہیں کہ IV سیالوں کی موجودہ سپلائی انتہائی نازک حالت والے مریضوں کے لیے اس وقت تک دستیاب رہے جب تک کہ سپلائی چین دوبارہ سے مستحکم نہیں ہو جاتی۔"

IV فلوڈ سپلائی چین میں واقع ہونے والا موجودہ خلل سمندری طوفان ہیلین کی باقیات کی وجہ سے ہوا ہے، جس نے ماریون، شمالی کیرولینا میں واقع Baxter پلانٹ کو بندش پر مجبور کر دیا تھا۔ Baxter وفاقی حکومت کے ساتھ کام کرتے ہوئے اپنی انوینٹری کو دوبارہ منظم کر رہا ہے اور سپلائی کی راہ میں پیدا ہونے والی رکاوٹیں دور کر رہا ہے، اور وہ اپنے مینوفیکچرنگ آپریشنز کو مکمل طور پر بحال کرنے کے لیے دن و رات کام کر رہا ہے۔ Baxter امریکہ میں استعمال ہونے والے IV سیالوں کا 60 فیصد سے زیادہ سپلائی کرتا ہے، جس میں نیویارک ریاست بھی شامل ہے۔

ریاست نیو یارک کے محکمہ صحت (Department of Health) نے 9 اکتوبر، 2024 کو ریاست بھر میں صحت کی دیکھ بھال کی خدمات فراہم کرنے والوں کو سمندری طوفان ہیلن کے اثرات کے نتیجے میں انٹریوینس سیال (intravenous, IV) کی ترسیل میں پیدا ہونے والی رکاوٹوں کا مقابلہ کرنے کے لئے کثیر الجہتی ردعمل کا حصہ بننے کی ہدایات جاری کی تھیں۔ یہ رہنمائی ہسپتالوں اور تشخیص اور علاج کرنے والے مراکز بشمول ایمبولیٹری سرجری کے مراکز اور گردوں کی آخری مرحلے والی عوارض کی سہولیات اور کلینکس؛ طویل المدتی نگہداشت کی سہولیات بشمول نرسنگ ہومز، بالغوں کی دیکھ بھال کی سہولیات، اور گھروں پر دیکھ بھال اور ہاسپیس فراہم کرنے والے؛ اور ہنگامی طبی خدمات وغیرہ میں تقسیم کردی گئی ہے۔

جبکہ اس وقت ریاست نیو یارک میں کمی کی کوئی سرکاری اطلاع نہیں ہے، تاہم ان اداروں سے کہا جا رہا ہے کہ وہ IV سیال کو محفوظ کرنے کے لیے فعال حکمت عملیاں اپنائیں تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ دستیاب سٹاک کو مؤثر طریقے اور سمجھداری سے استعمال کیا جا سکے۔

رہنمائی فراہم کرنے کے علاوہ، ریاست کے محکمہ صحت نے فراہم کنندگان سے معلومات اکٹھا کرنے کا عمل بھی شروع کیا ہوا ہے تاکہ فراہم کنندگان کی سپالئی کی صورتحال کا اندازہ لگایا جا سکے اور اہم ترین ضروریات کی نشاندہی کی جا سکے۔

ریاست کا محکمہ صحت ان تنظیموں کے ساتھ بھی ہم آہنگی پیدا کر رہا ہے جو صحت کی دیکھ بھال کرنے والی سہولیات کی نمائندگی کرتی ہیں، تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ انکے پاس صورتحال کی مکمل اور تازہ ترین معلومات موجود ہوں۔ اس کے علاوہ، محکمہ نے اس ہنگامی صورتحال کے جواب میں اپنا وقوعہ کمانڈ سسٹم (incident command system) بھی نافذ کر دیا ہے جس سے جوابی کاروائیوں اور رابطہ کاری کی سرگرمیوں میں ہم آہنگی اور تیزی پیدا ہوتی ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں